## کراچی کے تاجروں اورعوام کو بھتہ خوروں اوراغوابرائے تاوان کی وارداتیں کرنے والے جرائم پیشہ عناصر سے نجات دلائی جائے،الطاف حسین

## ایک منظّم سازشی منصوبہ بندی کے تحت کراچی میں جرائم پیشہ عناصر کو کھلی چھوٹ دی جارہی ہے

## صدرمملکت آصف علی زرداری،وزیراعظم راجہ پرویزاشرف،اوروفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک کو بار بار بھتہ مافیااو راغوابرائے تاوان کی وارداتوں میں ملوث دہشت گردوں کی مجرمانہ سرگرمیوں سے آگاہ کیا

## افسوس اعلیٰ حکومتی شخصیات نے نہ تو میری شکایت پرتوجہ دی اورنہ ہی کراچی کے پرامن شہریوں کو گینگ وارکے دہشت گردوں کے مظالم سے نجات دلانے کیلئے عملی اقدامات کئے

## ارباب اختیاراورارباب اقتدارکومتنبہ کرتاہوں کہ اگر بااثرادارے اورشخصیات کی جانب سے بھتہ مافیا،پرچی مافیااوراغوابرائے تاوان میں ملوث عناصر کی سرپرستی بندنہ کی گئی تو جلد ہی اس بااثرادارے اورشخصیات کے ناموں سے قوم کوآگاہ کرکے کراچی کا امن وسکون غارت کرنے کی سازش کو بے نقاب کردوں گا، لندن وپاکستان کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے بات چیت

لندن۔۔30جولائی2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لندن اور پاکستان کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کراچی کے تاجروں اورعوام کو بھتہ خوروں اوراغوابرائے تاوان کی وارداتیں کرنے والے جرائم پیشہ عناصر سے نجات دلائی جائے بصورت دیگر میں پرچی مافیا،بھتہ مافیااوراغوابرائے تاوان میں ملوث جرائم پیشہ عناصر کی سرپرستی کرنے والے بااثرادارے اورشخصیات کے ناموں سے قوم کوآگاہ کردوں گا۔جناب الطاف حسین نے مزید کہا کہ کراچی کے باشعورعوام،تاجر برادری اورمیڈیا اس حقیقت سے اچھی طرح واقف ہیں کہ شہرمیں بھتہ مافیااورتاوان کیلئے تاجروں کواغواء کرنے والے جرائم پیشہ عناصر کوکس بااثرادارے اورشخصیات کی سرپرستی حاصل ہے،ایک منظّم سازشی منصوبہ بندی کے تحت کراچی میں جرائم پیشہ عناصر کو کھلی چھوٹ دی جارہی ہے اورکراچی کے پرامن عوام کو گینگ وارکے دہشت گردوں کے رحم وکرم پرچھوڑ دیا گیا ہے جو بھتہ کیلئے تاجروں اوران کے اہل خانہ کو نہ صرف اغوا کررہے ہیں بلکہ بھتہ نہ دینے پرتاجروں کے گھروں کو دستی بموں سے نشانہ بھی بنارہے ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ موجودہ حکومت بھی کراچی کے تاجروں اورشہریوں کی جان ومال سے کھیلنے والے دہشت گردوں کے خلاف کارروائی میں بری طرح ناکام ثابت ہوچکی ہے یہی وجہ ہے کہ آج تک گینگ وارکے دہشت گردوں کے خلاف کسی قسم کی کارروائی نہیں کی گئی اورنہ ہی شہریوں کی جان ومال سے کھیلنے والے دہشت گردکوگرفتارکیا گیا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ میں نے صدرمملکت جناب آصف علی زرداری،وزیراعظم پاکستان جناب راجہ پرویزاشرف،اوروفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک کو بار بار بھتہ مافیااوراغوابرائے تاوان کی وارداتوں میں ملوث دہشت گردوں کی مجرمانہ سرگرمیوں سے آگاہ کیا لیکن افسوس اعلیٰ حکومتی شخصیات نے نہ تو میری شکایت پرکوئی توجہ دی اورنہ ہی کراچی کے پرامن شہریوں کو گینگ وارکے دہشت گردوں کے مظالم سے نجات دلانے کیلئے عملی اقدامات کئے۔جناب الطاف حسین نے ارباب اختیاراورارباب اقتدارکومتنبہ کیا کہ اگر بااثرادارے اورشخصیات کی جانب سے بھتہ مافیا،پرچی مافیااوراغوابرائے تاوان میں ملوث عناصر کی سرپرستی بندنہ کی گئی تو میں جلد ہی اس بااثرادارے اورشخصیات کے ناموں سے قوم کوآگاہ کرکے کراچی کا امن وسکون غارت کرنے کی سازش کو بے نقاب کردوں گا۔

## خیرپورکے رہائشی انجینئر آغاوقارکوگاڑی کو پانی سے چلانے کے کامیاب تجربے پرجناب الطاف حسین کی دلی مبارکباد

## انجینئر آغاوقارنے اپنی محنت ولگن سے سائنس کی دنیامیں ایک انقلاب برپا کرکے ملک وقوم کا سرفخر سے بلندکردیا،جناب الطاف حسین

## رابطہ کمیٹی کے ارکین رضاہارون اورسیف یارخان کا خیرپورکے رہائشی انجینئر آغاوقارسے ٹیلی فون پررابطہ

## قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے پانی کوگاڑی سے چلانے کے کامیاب تجربے پرمبارکبادپیش کی

لندن:۔۔۔30،جولائی2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے خیرپورکے رہائشی انجینئر آغاوقارکوگاڑی کو پانی سے چلانے کے کامیاب تجربے پردلی مبارکبادپیش کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ آغاوقارنے رات دن محنت ولگن کے ساتھ جس طرح گاڑی کو پانی سے چلانے کی ایک کامیاب تجربہ کیا ہے انجینئر آغاوقارنے اپنی محنت ولگن سے سائنس کی دنیامیں ایک انقلاب برپا کرکے ملک وقوم کا سرفخر سے بلندکردیا۔انہوں نے کہا کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ آغاوقارکی صلاحیتوں سے استفادہ حاصل کیا جائے اوران

کی سرکاری سطح پرحوصلہ افزائی کی جائے۔انہوں نے کہا کہ آغا وقار جیسے باصلاحیت نوجوان اپنی صلاحیتوں کے ذریعے پاکستان کوترقی اورخوشحالی راہ گامزن کر سکتے ہیں۔جناب الطاف حسین نے ایک بار پھرانجینئر آغا وقارکوگاڑی کو پانی سے چلانے کے کامیاب تجربے پردلی مبارکباد پیش کی ہے۔دریں اثناء رابطہ کمیٹی کے ارکین رضا ہارون اورسیف یار خان نے خیر پور کے رہائشی انجینئر آغا وقار سے ٹیلی فون پر رابطہ کر کے انہیں گاڑی کو پانی سے چلانے کے کامیاب تجربے پرمبارکباد پیش کی ہےاور کہا کہ پاکستان میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں جس طرح اپنے نے اپنی انتھک محنت ولگن سے ملک میں گاڑی کو پانی سے چلانے کا تجربہ کر کے پاکستان کوایک ترقی یافتہ ممالک کی صف میں لا کھڑا کر دیا ہے۔اس موقع پر انہوں نے گفتگوکرتے ہوئے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ ایسے ٹیلنٹ کی قدر کی ہے جس نے پاکستان کی بقاءسلامتی اوراس کی ترقی کیلئے اپنا کردارادا کیا ہوا۔ اس پرموقع پرانجینئر آغا وقار نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین سے گفتگوکرتے ہوئے قائدتحریک جناب االطاف حسین کاشکریہ ادا کیااور کہا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مجھےاس ٹیکنالوجی کی ایجاد سے کوشہرت اور پذیرائی ملی ہے جسے میں کبھی بھلانہیں سکتا ہوں اوراس سلسلے میں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے بھی مجھے مبارکباد ملی ہے جس پر میں ان کا تہہ دل سے شکرگزار ہوں۔

## لاہورمیں نجی ٹی وی چینل کے دفترمیں آتشزدگی کے باعث 5افراد کے جاں بحق اورمتعددکےزخمی ہونے پرالطاف حسین کااظہارافسوس
## آتشزدگی کے نتیجے میں اتنے صحافتی عملے کاجھلس کرجاں بحق اورزخمی ہوجانا بڑاحادثہ اورنقصان ہے

لندن۔۔۔30،جولائی2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لاہور میں نجی ٹی وی چینل کے دفترمیں شارٹ سرکٹ سے ہونے والی آتشزدگی کے باعث 5صحافتی عملے کےافراد کے جاں بحق اورمتعددافراد کےجھلس کرزخمی ہونے پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے آتشزدگی کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والےنجی ٹی وی چینل کے عملے کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آتشزدگی کے نتیجے میں اتنے صحافتی عملے کاجھلس کرجاں بحق اورزخمی ہونا بڑاحادثہ اور نقصان ہےاس حادثہ پرمجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان جھلس کرجاں بحق افراد کےلواحقین ،زخمیوں اوران کے اہل خانہ سمیت نجی ٹی وی چینل کے تمام عملے کےغم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق افرادکواپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے،سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرےاورزخمی افرادکو جلدومکمل صحت یابی عطافرمائے۔

## پی ٹی وی کے ایم ڈی یوسف بیگ مرزا کی ہمشیرہ کےانتقال پرالطاف حسین کااظہارتعزیت

لندن۔۔۔30،جولائی2012

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان ٹیلیویژن کے مینجنگ ڈائریکٹر یوسف بیگ مرزا کی ہمشیرہ کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کےغم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

## ڈپٹی کنونیرڈاکٹرفاروق ستارکی سربراہی میں ایم کیوایم کاایک وفدپی پی شیرپاؤگروپ کےرہنماء آفتاب شیرپاؤسےملاقات
## ملاقات میں جناب الطاف حسین کےحالیہ بیان اورملک کواندرونی اوربیرونی خطرات سے آگاہ

اسلام آباد۔۔۔30جولائی2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنونیرڈاکٹر فاروق ستارکی سربراہی میں ایم کیوایم کاایک وفدپی پی شیرپاؤگروپ کے رہنماء آفتاب شیرپاؤ سے ملاقات کی۔ملاقات میں جناب الطاف حسین کےحالیہ بیان اورملک کواندرونی اوربیرونی خطرات سے آگاہ کیا۔۔ملاقات میں ڈاکٹر فاروق ستار نے آفتاب شیرپاؤ سے گفتگوکرتے ہوئے کہا کہ اس وقت ملک کا سب سے بڑا مسئلہ لوڈشیڈنگ،بلوچستان کے خراب حالات اوربیرونی طاقتیں ملک کوغیرمستحکم کررہی ہےان سب مسائل حل کے لئے سب سیاسی جماعتوں کومل کر بیٹھنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں ہم نے صدرمملکت سے ملاقات کی اورجلد سے جلد گول میزکانفرنس بلانے کا مطالبہ کیا جس پرصدرپاکستان نے وزیراعظم پاکستان کو کہا

کہ جلد از جلد گول میز کانفرنس کے حوالے سے تمام سیاسی جماعتوں سے مشاورات کرے۔اس موقع پر ایم کے ایم رابطہ کمیٹی کے رکن گلفراز خان خٹک،قومی اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر حیدر عباس رضوی،سی آئی سی کے رکن زاہد ملک،میاں عتیق اور راولپنڈی کے جوائنٹ زونل انچارج ملک منیر بھی موجود تھے۔آفتاب شیرپاؤ نے ایم کیو ایم کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جناب الطاف حسین کا بہت اچھا اقدام ہے وہ تمام پارٹی کو آ کھٹا کر رہے ہیں اور ایم کیو ایم کے وفد کو خیبر پختونخواہ آنے کی بھی دعوت دی اور ایم کیو ایم کے قائد کا بے حد شکریہ ادا کرتا ہوں۔

## لہری جیسے فنکار ہمارے ملک کا سرمایہ ہیں،اراکین رابطہ کمیٹی

## جناب الطاف حسین نے ہمیشہ فنکاروں کے حقوق کیلئے اپنا مثبت کردار ادا کیا ہے،اداکار لہری

## ایم کیو ایم کے وفد نے مقامی اسپتال میں اسٹیج اور ٹیلی ویژن کے مشہور و معروف اداکار لہری کی عیادت کی

## اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے خیریت دریافت کی

کراچی۔۔۔30 جولائی،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ایک وفد نے پیر کے روز مقامی اسپتال میں ملک کے مشہور و معروف اداکار لہری کی عیادت کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے انکی خیریت دریافت کی۔ایم کیو ایم کے وفد میں رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزراء رضا ہارون،ڈاکٹر صغیر احمد اور سیف یار خان شامل تھے۔اس موقع پر اداکاری لہری نے ایم کیو ایم کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ فنکاروں کے حقوق کیلئے اپنا مثبت کردار ادا کیا ہے اور ان کی جان سے ملک بھر کے فنکاروں کو جتنا مان ملا اسے کبھی بھلایا نہیں جا سکتا ہے۔اس موقع پر ایم کیو ایم کے وفد نے اداکار لہری سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات اور خصوصی ہدایت ہیں کہ ملک کے فنکاروں کا احترام کیا جائے اور انکی تمام پریشانیوں کو اپنا سمجھتے ہوئے حل کیا جائے۔انھوں نے کہا کہ لہری جیسے فنکار ہمارے ملک کا سرمایہ ہیں جنھیں ہم زندگی کے کسی موڑ پر تنہا نہیں چھوڑ سکتے۔انھوں نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ لہری کو کلی صحت کاملہ آجلہ عطا فرمائے۔لہری نے خیریت دریافت کرنے پر ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا۔

## وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک کی گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی سے ملاقات۔سیاسی صورتحال پر غور

## کراچی میں بھتہ مافیا کی جانب سے تاجروں،صنعتکاروں اور عام شہریوں سے بھتہ کی وصولی،فیکٹریوں،

## کاروباری مراکز،دکانوں اور گھروں پر دستی بموں سے حملوں،اغوا برائے تاوان اور معصوم شہریوں کے قتل پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تشویش

## جرائم پیشہ عناصر کی کارروائیوں کی روک تھام کیلئے حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں

## کی جانب سے مؤثر کارروائی نہ کئے جانے پر ایم کیو ایم سخت تحفظات کا اظہار

## وفاقی اور صوبائی حکومت کراچی کے تاجروں کی جان و مال کو تحفظ فراہم کرے،رابطہ کمیٹی

## حکومت بھتہ مافیا،پرچی مافیا اور دیگر جرائم پیشہ افراد کے خلاف قانون کے مطابق بلاامتیاز کارروائی کرے گی۔رحمٰن ملک

## حکومت پاکستان کے معاشی حب کراچی میں امن امان کی صورتحال کو بہتر بنانے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کرے گی رحمٰن ملک کی یقین دہانی

دبئی۔۔۔30 جولائی 2012ء

وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے گزشتہ روز دبئی میں ملاقات کی۔ملاقات میں گورنر سندھ کے علاوہ رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر رابطہ کمیٹی انیس قائم خانی،رابطہ کمیٹی کے ارکان رضا ہارون،انیس ایڈوکیٹ،قاسم علی رضا،محمد انور،طارق میر،وفاقی وزیر پورٹس اینڈ شپنگ بابر غوری اور صوبائی وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ عادل صدیقی نے شرکت کی۔ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی و معاشی صورتحال پر غور کیا گیا اور اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ دونوں جماعتیں ملک میں جمہوریت کے استحکام اور ملک کی ترقی کیلئے مشترکہ کوششیں اور تعاون جاری رکھیں گی۔ملاقات میں رابطہ کمیٹی کے ارکان نے وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک سے پاکستان خصوصاً کراچی میں امن امان کی خراب صورتحال پر اپنی سخت تشویش کا اظہار کیا اور شہر میں سرگرم پرچی اور بھتہ مافیا کی جانب سے تاجروں،صنعتکاروں،دکانداروں اور عام شہریوں کو بھتہ کی پرچیاں

دینے، انہیں ہراساں کرنے اور رقم ادا نہ کرنے کی صورت میں ان کی فیکٹریوں، کاروباری مراکز، دکانوں اور گھروں پر دستی بموں سے حملے کرنے، تاوان کی غرض سے اغوا کرنے اور بھتہ اور تاوان ادا نہ کرنے پر معصوم شہریوں کو قتل کرنے، ایم کیو ایم کے کارکنوں کے قتل اور دہشت گردی کی دیگر وارداتوں اور ان کی روک تھام کیلئے حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے مؤثر کارروائی نہ کئے جانے پر اپنے سخت تحفظات کا اظہار کیا اور رحمٰن ملک سے مطالبہ کیا کہ وفاقی اور صوبائی حکومت کراچی کے تاجروں ،صنعتکاروں اور دکانداروں سمیت تمام شہریوں کی جان و مال کو تحفظ کرے اور بھتہ مافیا کے خلاف بھرپور کارروائی کی جائے ۔ وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک نے رابطہ کمیٹی کو یہ یقین دلایا کہ حکومت بھتہ مافیا، پرچی مافیا اور دیگر جرائم پیشہ افراد کے خلاف قانون کے مطابق بلا امتیاز کارروائی کرے گی اور پاکستان کے معاشی حب کراچی میں امن امان کی صورتحال کو بہتر بنانے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کرے گی ۔

## سندھ کے ضلع تھرپارکر میں بیماری کے باعث موروں کی ہلاکتوں کا نوٹس لیا جائے اور انہیں لاحق بیماری کا فی الفور تدارک کیا جائے،، رابطہ کمیٹی

کراچی:۔۔۔30، جولائی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سندھ کے ضلع تھرپارکر میں بیماری کے باعث موروں کی ہلاکتوں کا نوٹس لیا جائے اور انہیں لاحق بیماری کا فی الفور تدارک کیا جائے ۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے موروں میں پائی جانے والی بیماری ''رانی کھیت'' کی وجہ سے 67 موروں کی ہلاکت پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ تھرپارکر میں موروں میں پائی جانے والی بیماری ''رانی کھیت'' نے وبائی صورت اختیار کرلی ہے اور مٹھی کے دیہاتوں میں متعدد موروں کی ہلاکت کے بعد اب یہ بیماری دیگر تحصیلوں میں بھی موروں کیلئے جان لیوا ثابت ہورہی ہے لیکن تا حال محکمہ وائلڈ لائف سندھ کی جانب سے اس بیماری کے خاتمے کیلئے کوئی عملی اقدامات دیکھنے میں نہیں آرہے ہیں جس کی وجہ سے موروں کی ہلاکتوں میں اضافہ ہوتا جارہا ہے ۔ رابطہ کمیٹی نے وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور محکمہ وائلڈ لائف سندھ کے افسران سے مطالبہ کیا کہ سندھ کے ضلع تھرپارکر میں بیماری کے باعث موروں کی ہلاکتوں کا نوٹس لیا جائے اور انہیں لاحق بیماری کا فی الفور تدارک کیا جائے ۔

## جناب الطاف حسین کے پاس ملک کے تمام تر مسائل کا حل موجود ہے، یوسف شاہوانی
## جناب الطاف حسین کی ہدایت پر افطار ڈنر کے انعقاد کا مقصد مختلف طبقہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کو اکھٹا کرکے اتحاد اور یکجہتی کے فروغ کو ممکن بنانا ہے، ایم کیو ایم کے رہنماء عامر خان
## ٹنڈوالہ یار میں جناب الطاف حسین کی جانب سے معززین شہر کے اعزاز میں منعقدہ افطار وڈنر کے شرکاء سے خطاب

ٹنڈوالہ یار:30، جولائی 2012ء

ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شاہوانی نے کہا ہے کہ قائد تحریک الطاف حسین کے پاس ملک کے تمام تر مسائل کا حل موجود ہے ۔ پاکستان کو مضبوط کرنے کے لئے قائد تحریک الطاف حسین کے ہاتھوں کو مضبوط کرنا ہوگا ۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے معززین شہر کے اعزاز میں منعقدہ افطار پارٹی وڈنر کی تقریب کے موقع پر معززین سے خطاب کرتے ہوئے کیا ۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کے مرکزی رہنما عامر خان، حق پرست صوبائی وزیر خالد بن ولایت، حق پرست رکن صوبائی اسمبلی سید وسیم حسین، اراکین سندھ تنظیمی کمیٹی ظفر خان، آفتاب سومرو، وحید خان، زونل انچارج سید محمد علی شاہ و اراکین زونل کمیٹی بھی موجود تھے ۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم پاکستان میں بسنے والی تمام قومیتوں کے گلدستے کی مانند ہے ۔ جس میں تمام لسانی و مذہبی اکائیوں سے تعلق رکھنے والے افراد اتحاد و یکجہتی کا عملی نمونہ بن کر ملک کی خدمت میں مصروف عمل ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم نے غریب اور متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے باصلاحیت افراد کو اراکین پارلیمنٹ اور وزراء بنا کر انقلاب کی بنیاد رکھ دی ہے ۔ پاکستان کو مضبوط اور مستحکم بنانے کے لئے قائد تحریک الطاف حسین کے فکر و فلسفے کو گھر گھر عام کرنا ہوگا ۔ اس سے قبل ایم کیو ایم کے رہنما عامر خان نے حاضرین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم نے تمام مذہبی ایام کے موقع پر تمام تر سیاسی مفادات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کے لئے اپنا کردار ادا کیا ہے ۔ قائد تحریک الطاف حسین کی ہدایت پر افطار ڈنر کے انعقاد کا مقصد مختلف طبقہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کو اکھٹا کر کے اتحاد اور یکجہتی کے فروغ کو ممکن بنانا ہے ۔ حق پرست صوبائی وزیر خالد بن ولایت نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملکی سیاسی منظر نامے میں وہ واحد جماعت ہے جس نے اپنے کارکنان کو نہ صرف اسلامی تعلیمات کے فروغ کا درس دیا بلکہ اس سلسلے میں عملی اقدامات بھی

کیئے۔ایم کیوایم کے کارکنان نے قائدتحریک الطاف حسین کی ہدایات کے مطابق دکھی اور بے سہاراافراد کی دادرسی کے لئے ملک کے کونے کونے میں خدمات سرانجام دے کر خدمت خلق کی نئی تاریخ رقم کی ہے۔زونل انچارج سیدمحمدعلی شاہ نے تقریب میں موجودحاضرین کی آمد پرانکاشکریہ اداکیااورانہیں خدمت خلق فاؤنڈیشن ٹنڈوالہ یارکی فلاحی کارکردگی سے آگاہ کیا۔تقریب کے اختتام پررکن رابطہ کمیٹی یوسف شاہوانی،مرکزی رہنماعامرخان،صوبائی وزیرخالدبن ولایت اورزونل انچارج سیدمحمدعلی شاہ نے پریس کلب ٹنڈوالہ یار کے سینئر نائب صدرسیدعبدالرشیدجعفری اور جنرل سیکریٹری بشارت علی قائم خانی کوقائدتحریک الطاف حسین کی جانب سے ایل سی ڈی کاتحفہ پیش کیا۔افطارڈنر میں پیر چھٹن شاہ،سیدزاہدحسین شاہ،سیدشمس الدین شاہ،اہلسنت والجماعت کےصوبائی رہنماسیدسکندرشاہ،سابقہ تعلقہ نائب ناظم جھنڈومری میرپپو،انجمن تاجران کے سرپرست اعلیٰ ماما رتن لعل،وقارحمیدمیمن،محفوظ قائم خانی،فریداحمدخانزادہ،حاجی جمیل خانزادہ،مختیارکارٹنڈوالہ یارغلام شبیرمیرجت،منظورپلھ،سابق یوسی ناظم ڈاکٹرعلی نوازچوہان،مہران شوگرملز کے اسسٹنٹ جنرل کین مینیجرخرم شہزاد،سابقہ تعلقہ نائب ناظم چمبڑڈاکٹرجلیل جروار،سابق حق پرست ناظمین ڈاکٹرخالدلطیف خانزادہ،سیدحسین شاہ،سیدبشیراحمدشاہ،مسلم لیگ (ف) کے رہنمااستادسلیم آرائیں،سیدعبدالرحمان شاہ،تعلقہ جھنڈومری پریس کلب کے صدرغلام رسول درس،جنرل سیکریٹری دوداخان،بزنس مین کمیونٹی کے عاطف نذیرقائم خانی،زاہدغنی قائم خانی،یاسین کمبوہ،محمودآرائیں،قادربخش سپاہی،لنڈبرادری کے رہنماخدابخش لنڈ،پریس کلب ٹنڈوالہ یار کے سینئر نائب صدرسیدعبدالرشیدجعفری،جنرل سیکریٹری بشارت علی قائم خانی اوردیگرعہدیداران کےعلاوہ دیگرمعززین شہرنے بڑی تعدادمیں شرکت کی۔

## پاکستان ہندوکونسل کے پیٹرن ڈاکٹررمیش کمارکی سربراہی میں بارہ رکنی وفدکی رابطہ کمیٹی کےارکان گلفرزخان خٹک اورکیف الوریٰ سےملاقات
## جناب الطاف حسین حب الوطنی کے جذبے سے سرشارہیں،ملک پرمنڈلانے والےخطرات کی قبل ازوقت نشاندہی انتہائی اہم ہے

کراچی۔۔۔30،جولائی2012ء

پاکستان ہندوکونسل کے پیٹرن ڈاکٹررمیش کمارکی سربراہی میں ایک بارہ رکنی وفدنے خورشیدبیگم سیکریٹریٹ عزیزآبادمیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان گلفرازخان خٹک اور کیف الوریٰ سے ملاقات کی۔وفدمیں پاکستان ہندوکونسل کے صدرجیٹھانندکوہستانی،نائب صدرمہیش کمارتلریجا،جنرل سیکریٹری انجینئرہوت چندکارمانیاودیگرشامل تھے جبکہ اس موقع پرایم کیوایم شعبہ اقلیتی امورکمیٹی کے جوائنٹ انچارج گردھاری لعل،اراکین منورجان اورسردارکرشن بھی موجودتھے۔ملاقات میں وفدنے قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے ملک پرمنڈلانے والےخطرات کی قبل ازوقت نشاندہی کوانتہائی اہم قراردیتے ہوئے کہاکہ جناب الطاف حسین کی شخصیت حب الوطنی کے سچے جذبے سے سرشار ہے۔وفدنے رابطہ کمیٹی کےارکان کوہندوبرادری کودرپیش اغواءبرائے تاوان،جبراًمذہب کی تبدیلی،ہندومیرج لاءاوردیگرمسائل سے بھی آگاہ کیا۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے وفدکی نائن زیروآمدکاخیرمقدم کیااورگزارشات کوتوجہ سنااوروفدکےملک کی بقاءوسلامتی کےحوالے سے خیالات کوسراہا۔رابطہ کمیٹی کےارکان نے وفدسے گفتگوکرتے ہوئے کہاکہ ملک کی بقاءوسلامتی کیلئے ہرایک کواپنی ذمہ داری پوری کرنی ہےاوراپناکرداراداکرناہے۔رابطہ کمیٹی کےارکان نے کہاکہ ملک کودرپیش چیلنجزسے نمٹنے کیلئے پوری قوم کو بلاتفریق مذاہب،مسلک اورقومیت متحدہوناہوگااورملک کےموجودہ حالات میں جناب الطاف حسین کےلیکچرکواہمیت نہ دینے والےحقیقت کاسامناکرنے سے کتراراہے ہیں ۔رابطہ کمیٹی کےارکان نے مزیدکہاکہ جناب الطاف حسین اقلیت لفظ سےنفرت کرتے ہیں اورکئی بڑےعوامی جلسوں میں اس بات کابرملااظہارکرچکے ہیں کہ اقلیتی برادری کواقلیت نہ سمجھاجائے بلکہ وہ بھی اس ملک کے برابرکےشہری ہیں۔

## حق پرست وفاقی وزیرمملکت ندیم احسان اوررکن سندھ اسمبلی ریحان ظفرکاڈی ایم سی
## سینٹرل وسطی کےمیونسپل کمشنرکمال مصطفیٰ کی والدہ محترمہ کےانتقال پراظہارِتعزیت

کراچی:۔۔۔30جولائی،2012ء

حق پرست وفاقی وزیرمملکت ندیم احسان اوررکن سندھ اسمبلی ریحان ظفرنے ڈی ایم سی سینٹرل وسطی کے میونسپل کمشنرکمال مصطفیٰ کی والدہ محترمہ کے انتقال پرگہرے رنج وغم کا اظہارکیاہے۔ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کااظہارکرتے ہوئے دعاکی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کوجنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کویہ صدمہ برداشت کرنے کاحوصلہ عطاکرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆